# ٹیچرز گائیڈ

کلاس KG کے لئے



# ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔

- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔

- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔

- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔

- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔

- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔

- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔

- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔

- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔

- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

نیچے دئے گئے الفاظ کے فلیش کارڈ کلاس میں بورڈ پر لگانے کے لئے تیار کر لیں۔

گھر خرگوش مینڈک مچھلی گلہری چیونٹی شہد کی مکھی مکڑی بندر

بچوں کی تعداد کے مطابق A4 سائز کے کاغذ کا انتظام کر لیں۔

# سیشن 1

10 منٹ
- بچوں سے ان کے گھر کے بارے میں بات چیت کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ گھر میں ہم محفوظ ہوتے ہیں۔ جب ہم سب کاموں سے فارغ ہو جاتے ہیں تو گھر جاتے ہیں۔ ہمیں گھر میں بہت آرام ملتا ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ گھر میں چیزیں ہماری مرضی اور پسند کی ہوتی ہیں۔

15 منٹ
- بچوں کو A4 سائز کا کاغذ دیں اور انہیں اپنا گھر بنانے کو کہیں۔ بورڈ پر کس کس کا گھر لکھیں۔ بچوں سے پڑھنے کو کہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ گھر بنانے کے بعد وہ تصویر کے نیچے اپنا نام لکھیں۔ مثلاً: سارہ کا گھر۔

20 منٹ
- بچوں کو موقع دیں کہ وہ سب کے سامنے آ کر اپنی drawing کے بارے میں بتائیں۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ 3 - 2 جملے اپنے بنائے ہوئے گھر کے بارے میں بولیں۔ بچوں کی drawing کلاس میں display کریں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

ہر جانور جو کتاب میں موجود ہے اس کا head gear بچوں کی تعداد کے مطابق بنا لیں۔

# سیشن 2

15 منٹ

- فلیش کارڈ پڑھوائیں۔ بچوں کو کتاب کس کس کا گھر پڑھ کر سنائیں۔ کوشش کریں کہ کتاب پڑھتے ہوئے بچے جانوروں کی آوازیں خود پڑھیں۔ ہر صفحے پر رک کر بچوں سے سوال جواب کریں۔ مثلاً: بندر کا گھر کیسا ہے؟ کیا ہم وہاں رہ سکتے ہیں۔ اگر نہیں تو کیوں۔ اسی طرح ہر صفحے پر رک کر سوال جواب کریں۔

  - بچوں کو جانوروں کی آوازوں سے متعارف کروائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ چیونٹی اور مچھلی کی آوازیں بتا سکتے ہیں۔ انہیں بتائیں کہ یہ جانور آواز نہیں نکالتے۔

25 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی پسند کے جانور کا head gear پہنیں۔ اب بچے ایک ایک کر کے کلاس کے سامنے آئیں اور سب بچوں کو بتائیں کہ وہ کہاں رہتے ہیں۔ مثلاً میں بندر ہوں اور میں درخت پر رہتا ہوں۔

### ہوم ورک

5 منٹ

- گھر سے کتاب پڑھ کر آئیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 3 کے لئے ورک شیٹ 1 کی بچوں کی تعداد کے مطابق فوٹو کوپی کروا لیں۔

# سیشن 3

10 منٹ
- پہلے کتاب خود پڑھیں اور پھر 8 - 6 بچوں سے پڑھوائیں۔

15 منٹ
- جانوروں کی آواز کے الفاظ کی توڑ جوڑ بورڈ پر کروائیں۔

جیسے: ٹـر ٹـر ٹرٹر

15 منٹ
- بچوں کو ورک شیٹ 1 دیں اور سمجھائیں کہ انہیں لائن بنا کر جانوروں کو ان کے گھر سے ملانا ہے۔

**ہوم ورک**

5 منٹ
- کسی بھی 3 جانور، جن کے نام کتاب میں نہیں ہیں، ان کی آوازیں امی / ابو سے پوچھیں اور یاد کر کے آئیں۔

# سیشن 4

10 منٹ
- فلیش کارڈ پڑھوائیں۔ 8 - 6 بچوں سے کتاب پڑھوائیں۔

35 منٹ
- بچے جن جانوروں کے نام اور آوازیں گھر سے یاد کر کے آئیں ہیں انہیں پوچھیں اور بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے پہیلیاں پوچھیں۔ مثلاً: میں ایک جانور ہوں۔ میں خرخر کرتا ہوں۔ (بندر)

## ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 5 کے لئے 6 جوتے کے خالی ڈبے، مچھلی کے 30 cutouts، ڈوری، پینٹ اور برش کا بچوں کی تعداد کے مطابق انتظام کر لیں۔ ورک شیٹ 2 کی بچوں کی تعداد کے مطابق فوٹو کوپی کروا لیں۔

# سیشن 5

**5 منٹ**
- بچوں سے فلیش کارڈ پڑھوائیں۔


**10 منٹ**
- بچوں میں ورک شیٹ 2 تقسیم کریں۔ بچوں کو سمجھائیں کہ لائن بنا کر ہر جانور کے نام کو اس کی آواز سے ملائیں۔

**30 منٹ**
- بچوں کو 6 - 5 گروپ میں تقسیم کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج وہ مچھلی گھر جسے انگریزی میں aquarium کہتے ہیں بنائیں گے۔

- بچوں کو بتائیں کہ وہ جوتے کے ڈبے میں رنگ کریں۔ اس کے بعد مچھلیوں کو رنگ کریں اور ان میں ڈوری باندھیں۔ ڈبے میں سوراخ کر کے مچھلیوں کو اس کے اندر لٹکا دیں۔

# ورک شیٹ 1

نام ________________ تاریخ ________________



بچوں کو سمجھائیں کہ وہ لائن بنا کر جانوروں کو ان کے گھر سے ملائیں۔

# ورک شیٹ 2

نام ______________________ تاریخ ______________________

| | |
|---|---|
| مینڈک | خوخو |
| شہد کی مکھی | ٹرٹر |
| بندر | بھن بھن |
| گائے | چوں چوں |
| بکری | مومو |
| چڑیا | میں میں |

بچوں کو سمجھائیں کہ لائن بنا کر ہر جانور کے نام کو اس کی آواز سے ملائیں۔

# کس کس کا گھر

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk